سوال

(357)قرآن پڑھ کر بخشنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قرآن شریف پڑھ کر کسی مسلمان بھائی کو بخشا جا سکتا ہے کیا اولاد اپنے والدین کو پڑھ کر بخش سکتی ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ نیک اولاد والدین کا صدقہ جاریہ ہوتا ہے انسان اس نیت سے پڑھے کہ جو میں پڑھ رہا ہوں اس کا ثواب فلاں مرنے والے میرے بھائی یا بہن کو پہنچے کیا ایسا کرنا درست ہے باحوالہ جواب دیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید پڑھ کر اس کا ثواب کسی زندہ یا فوت شدہ کو پہنچانا اور بھیجنا قرآن مجید کی کسی آیت اور رسول اللہ ﷺ کی کسی صحیح یا حسن حدیث میں وارد نہیں ہوا۔ نیک اولاد کے والدین کے لیے دعا کرنے والی حدیث سے یہ مسئلہ نہیں نکلتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

جنازے کے مسائل ج1ص263

محدث فتویٰ